سچی باتیں | از انوار الحسن صاحب ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت حصہ اول ۶۸ صفحات قیمت ۹ ر حصہ دوم ضخامت ۴۱ صفحات قیمت ۵ ر حصہ سوم ضخامت ۷۰ صفحات قیمت ۹ ر کتابت و طباعت اور کاغذ اعلیٰ پتہ :۔ المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ۔ لاہور

یہ تینوں رسالے بالکل ابتدائی بچوں کو اسلام کی بنیادی باتوں سے باخبر کرنے اور اُن کی تعلیم کی غرض سے لکھے گئے ہیں۔ پہلے دو رسالوں کا تعلق عقائد سے ہے اور تیسرے کا نماز سے زبان بچوں کی استعداد کے مطابق ہے اور طرز انگریزی کی جدید ریڈروں کا سا ہے تاکہ بچہ جو کچھ پڑھے اُس کی مشق بھی ہوتی جائے۔ مکاتب کے نصاب میں اس کو بے تکلف شامل کیا جا سکتا ہے۔ (س)

صبح صادق کا قرآن نمبر | حجم ۲۰۰ صفحات، کتابت، طباعت بہتر قیمت خاص نمبر دو روپے، پتہ: دفتر صبح صادق مکارم نگر لکھنؤ۔

"صبح صادق" ایک صاف، ستھرا، ہلکا پھلکا دینی اور علمی رسالہ ہے جس کے مضامین عام طور پر دل پسند اور مفید ہوتے ہیں اور یہ ایک خاص نہج سے اصلاحی و تبلیغی خدمت کا فرض انجام دے رہا ہے، رسالے کے چیف ایڈیٹر ندوۃ العلماء لکھنؤ کے شیخ التفسیر مولانا سید محمد اُویس صاحب ہیں جن کو قرآن مجید کی خدمت سے مخصوص شغف ہے اور فہم قرآن کا اعلیٰ ذوق رکھتے ہیں۔

زیر نظر نمبر موصوف کے اسی جذبۂ خدمت اور ولولۂ تبلیغ حق کا نتیجہ ہے جس کو محنت در سلیقے سے مرتب کیا گیا ہے۔ چند مقالات کے عنوان یہ ہیں۔ (۱) قرآن مجید کی تعلیم و تلاوت اور اس کے آداب۔ (۲) قرآن مجید کی تعلیم کی دعوت۔ (۳) تاریخ علوم قرآن۔ (۴) تدوین قرآن۔ (۵) قرآن مجید اور اُسوۂ خیر القرون۔

یہ نمبر اپنی افادیت کے لحاظ سے اس لائق ہے کہ اہل علم و نظر اس کی اشاعت زیادہ سے زیادہ عام کرنے کی سعی کریں، ارباب خیر اس کو خرید کر کالجوں، اسکولوں، عام لائبریریوں اور دار المطالعوں میں رکھیں۔ (ع)